
4511CH08

# 8 اپنے راستے کا نقشہ بنانا

آشی اپنے اسکول کے بچوں کے ساتھ یوم جمہوریہ کی پریڈ دیکھنے انڈیا گیٹ گئی۔ جیسے ہی سب لوگ بیٹھے انھوں نے لاؤڈ اسپیکر پر انڈیا گیٹ کے بارے میں سنا ”صدر جمہوریہ کے دائیں جانب انڈیا گیٹ ہے۔ اسے پہلی عالمی جنگ میں شہید ہوئے ہندوستانی فوجی جوانوں کی یاد میں بنوایا گیا تھا۔“

بہت سے لوگ راج پتھ کے دونوں طرف بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہیں سے پریڈ گزرتی ہے۔ بچے چاروں طرف دکھائی دینے والی عمارتوں کے بارے میں باتیں کر رہے ہیں۔







© NCERT not to be republished

2019-20

یہاں یہ ہیلی کاپٹر سے لی گئی تصویر ہے۔ آپ راج پتھ کو دیکھ سکتے ہیں۔ جو انڈیا گیٹ اور راشٹرپتی بھون کو ملاتی ہے۔ ادیتی راج پتھ پر کہاں بیٹھی ہوگی، اس جگہ پر نشان لگائیے۔






## نقشے اور تصویر کو ملائیے

1) کیا آپ نے کسی شہر کا نقشہ دیکھا ہے؟ نقشہ '1' کو دیکھیے۔ اسے تصویر سے ملایئے اور بتایئے کہ انڈیا گیٹ کہاں ہے نقشے پر اس کی تصویر بنایئے۔

2) نقشہ کے اس حصے میں کچھ سڑکیں دکھائی گئی ہیں۔ انھیں تصویر میں تلاش کیجیے۔


3) راشٹرپتی بھون سے انڈیا گیٹ جاتے وقت کون کون سی سڑکیں راستے میں آئیں گی؟

4) نقشہ 1 میں نیشنل اسٹیڈیم کو تلاش کیجیے۔ کیا آپ اسے تصویر میں تلاش کر سکتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

## مرکزی چھ ضلعی

اگر ہم نقشے کے کسی حصہ کو قریب سے دیکھنے کے لیے بڑا کریں تو یہ کچھ اس طرح دکھائی دے گا۔




پیلے رنگ کے علاقے کی شکل پر غور کیجیے، کیا آپ نے یہ شکل پہلے دیکھی ہے؟ اس میں کتنے ضلعے ہیں؟

اس جگہ کو مرکزی چھ ضلعی کہا جاتا ہے۔

### نقشے سے معلوم کیجیے۔

1) اگر آپ راج پتھ پر چل رہے ہیں تب انڈیا گیٹ کے بعد آپ کے کس جانب چلڈرن پارک ہوگا؟

2) ان میں سے کون سی سڑکیں آپس میں سب سے بڑا زاویہ بناتی ہیں۔

a) مان سنگھ روڈ اور شاہ جہاں روڈ

b) اشوک روڈ اور مان سنگھ روڈ (انڈیا گیٹ سے دور بننے والا زاویہ)

c) جن پتھ اور راج پتھ

3) ان میں سے کون سی سڑکیں زاویہ قائمہ بناتی ہیں؟

© NCERT not to be republished


## پریڈ کا انتظار

پریڈ کا انتظار کرتے ہوئے کانچا اور اس کے دوست سوچ رہے تھے کہ یہ پریڈ کہاں ختم ہوگی۔ کانچا کے پاس وہ اخبار ہے جس میں پریڈ کا راستہ دکھایا گیا ہے۔

وجے چوک — راج پتھ — انڈیا گیٹ — تلک مارگ — بہادر شاہ ظفر مارگ — سبھاش مارگ — لال قلعہ۔




© NCERT not to be republished




## راستے پر نشان لگایئے

1) نقشہ 3 میں پریڈ کا راستہ تلاش کیجیے اور انڈیا گیٹ اور راج پتھ پر نشان لگایئے۔

2) نقشے کو دیکھیے اور معلوم کیجیے:

a) ان میں سے کون سی سڑک سب سے لمبی ہے؟

- بہادر شاہ ظفر مارگ
- سبھاش مارگ
- تلک مارگ

b) اگر روبیہ جامع مسجد سے پریڈ دیکھنے آ رہی ہے تو اندازہ لگایئے کہ اُسے کتنی دوری طے کرنی پڑے گی۔

c) پریڈ کا پورا راستہ تقریباً کتنا لمبا ہے؟

- 3 کلومیٹر
- 16 کلومیٹر
- 25 کلومیٹر
- 8 کلومیٹر

جیسے جیسے پریڈ آگے بڑھی انھوں نے کچھ بچے ہاتھی پر آتے ہوئے دیکھے۔ یہ وہی بچے ہیں جنھیں بہادری کے لیے انعامات دیے گئے۔ اس کے بعد الگ الگ اسکولوں کے بچوں نے طرح طرح کے رقص (ناچ) اور کرتب دکھائے۔

بچے پریڈ کے ساتھ لال قلعہ تک جانا چاہتے تھے۔ گپو لال قلعہ پہلے ہی دیکھ چکا تھا تو وہ باقی بچوں کو اس کے بارے میں بتانے لگا۔

بچوں کو پیمانے کی ضرورت کو سمجھنا چاہیے۔ جب ہم ایک بڑا رقبہ چھوٹے سے کاغذ پر دکھاتے ہیں تو ہمیں ہر حصہ کو اس کی مستقل نسبت سے تحویل (کم کرنا) کرنا پڑتی ہے۔ تاکہ جگہوں کے درمیان فاصلے اور پوزیشن میں کوئی تبدیلی نہ آئے۔



2019-20

© NCERT not to be republished

## لال قلعہ کا سفر

’’جب ہم لال قلعہ پہنچے تو وہاں ٹکٹ کے لیے لمبی قطار لگی تھی۔ اصل داخل ہونے کے دروازے کو **لاہوری گیٹ** کہتے ہیں۔ اس میں داخل ہونے کے بعد ہم بائیں طرف ایک لمبے برآمدے میں پہنچے جس کے دونوں طرف چھوٹی چھوٹی دوکانیں ہیں۔ اس جگہ کو **مینا بازار** کہتے ہیں۔ وہاں سے میں نے اپنی بہن کے لیے کچھ پیاری سی چوڑیاں خریدیں۔‘‘






لاہوری گیٹ



مینا بازار




**اسکیل (پیمانہ) : 1 سینٹی میٹر=100 میٹر**

"آپ سیدھے **نقار خانے** سے ہوتے ہوئے **دیوان عام** میں پہنچ سکتے ہیں۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں بادشاہ عام لوگوں سے ملاقات کرتے تھے۔"



نقّارخانہ — جہاں بادشاہ کا پیغام سنانے کے لیے نقارے پیٹے جاتے تھے۔

**دیوان عام** سے سیدھے چلتے ہوئے ہم نے **رنگ محل** دیکھا۔ یہ ایک خوبصورت عمارت ہے۔ ہمارے بائیں طرف تین عمارتیں اور تھیں۔ ان عمارتوں کو نقشے میں تلاش کیجیے۔





ہم رنگ محل سے بائیں طرف مڑ کر **دیوان خاص** پہنچے۔ جہاں بادشاہ اپنے وزیروں اور خاص لوگوں سے ملاقات کرتے تھے۔



دائیں جانب سے —
رنگ محل، آرام گاہ اور دیوانِ خاص



دیوان خاص کے اندر



رنگ محل کے اندر

### نقشہ 4 میں تلاش کیجیے

a) ان میں سے کون سی عمارت جمنا ندی سے زیادہ قریب ہے؟ دیوانِ عام یا دیوانِ خاص؟

b) آرام گاہ کون سی دو عمارتوں کے درمیان ہے؟

c) رنگ محل سے حمام کی طرف جاتے ہوئے آپ کون کون سی عمارتوں کے سامنے سے گزریں گے؟


d) اس نقشے میں مینا بازار سے سب سے دور کون سی عمارت ہے؟

e) لاہوری گیٹ سے دیوانِ خاص تقریباً کتنی دوری پر ہے؟


© NCERT not to be republished

## اِسے بڑا بنائیے، اِسے چھوٹا بنائیے۔


یہاں کچھ تصویریں 1 مربع سینٹی میٹر کے گرڈ (مربعوں کا مجموعہ) پر بنائی گئی ہیں۔ ان تصویروں کو 2 سینٹی میٹر کے گرڈ پر بنانے کی کوشش کیجیے اور $\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر کے گرڈ پر بھی۔ ایک تصویر پہلے ہی بنادی گئی ہے۔



1 سینٹی میٹر گرڈ



$\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر گرڈ



2 سینٹی میٹر گرڈ

© NCERT not to be republished

ایک مربع کے ضلعے کو دوگنا بڑا بنایا گیا ہے۔ کیا اس کا رقبہ بھی دوگنا بڑا ہوجائے گا؟

جماعت کے فرش یا مٹی کے میدان وغیرہ پر تصویروں اور نقشوں کو بڑا یا چھوٹا کیا جاسکتا ہے۔ اس عمل کو نقشوں میں پیمانے کے استعمال کے ساتھ جوڑیے۔ جس سے چھوٹا یا بڑا کرنے پر شکل نہیں بدلتی ہے۔

## کوشش کیجیے —


یہ نقشہ 3 (پریڈ کے راستے) کا ایک حصہ ہے۔

1) کیا آپ پہچان سکتے ہیں کہ یہ نقشے کا کون سا حصہ ہے؟


2) اب اسے 2 سینٹی میٹر گرڈ میں بڑا بنانے کی کوشش کیجیے۔ یاد رکھیے کہ نقشے کی شکل نہ بدلے۔

3) اگر پریڈ کے راستے کا نقشہ چھوٹا ہے اور انڈیا گیٹ اور وجے چوک کے درمیان کا فاصلہ 2 سینٹی میٹر ہو جائے تو اس کا پیمانہ کیا ہوگا؟

- نقشے پر 1 سینٹی میٹر = زمین پر 1 کلومیٹر
- نقشے پر $\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر = زمین پر 1 کلومیٹر
- نقشے پر 2 سینٹی میٹر = زمین پر 1 کلومیٹر



1 سینٹی میٹر گرڈ



2 سینٹی میٹر گرڈ


### مختلف صوبوں سے آئے ہوئے رقّاص (ناچنے والے)

بچوں نے پریڈ میں بہت سی جھانکیاں اور رقص کرنے والے دیکھے ہیں۔




© NCERT not to be republished

نیچے دیے گئے ہندوستان کے نقشے کو دیکھیے اور ان صوبوں کو تلاش کیجیے جن کے بارے میں بچے بات چیت کر رہے ہیں۔ سوالوں کے جواب دیجیے:




1) کرناٹک کی ٹیم بنگلور سے چلی اور شمال سمت کی جانب بڑھی۔ دہلی پہنچنے کے لیے اسے کن صوبوں سے گزرنا پڑا ہوگا؟

کیوں کہ بچوں کو پہلی مرتبہ سمتوں سے روشناس کرایا گیا ہے، بہت سی سرگرمیوں کی ضرورت ہے جیسے کہ 'شمال کی جانب' جنوب کی جانب' 'مشرق سمت میں، مدھیہ پردیش کے مغرب میں وغیرہ۔ زمین پر نقشے بنا کر بچوں کو ہی نقشے پر کھڑا کیا جاسکتا ہے جس سے وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وینکٹ، شانتی سے جنوب کی طرف ہے، مہاراشٹر گجرات سے مشرق کی طرف ہے، وغیرہ۔

2) جموں اور کشمیر دہلی سے **شمال** کی طرف ہے اس لیے وہاں سے آنے والی ٹیم کو دہلی پہنچنے کے لیے جنوب کی طرف چلنا پڑے گا۔
ٹیم کون کون سے صوبوں سے ہو کر گزرتی ہے؟

3) نونو گجرات میں رہتا ہے۔ نونو کا دوست جاوید مغربی بنگال میں رہتا ہے۔ نونو اپنے دوست کے پاس جانا چاہتا ہے۔ وہ کون سی سمت میں سفر کرے گا؟



a) مغرب کی طرف
b) مشرق کی طرف
c) جنوب کی طرف
d) شمال کی طرف

4) کیا جموں اور کشمیر کے شمال میں کوئی صوبہ ہے؟

5) کیا گجرات کے مغرب میں کوئی صوبہ ہے؟

6) اگر **نقشے پر 1 سینٹی میٹر، زمین پر 200 کلومیٹر** دکھاتا ہے تو معلوم کیجیے کہ:

A) دہلی، جے پور سے کتنے فاصلے پر ہے۔

a) 50 کلومیٹر  b) 500 کلومیٹر  c) 250 کلومیٹر

B) اندازہ لگائیے کہ جے پور سے بھوپال کتنے فاصلے پر ہے؟

نقشے پر= ____________ سینٹی میٹر

زمین پر= ____________ کلومیٹر


7) نقشے کو دیکھیے اور بتائیے:

a) کون سا صوبہ دوسرے چار صوبوں سے گھرا ہوا ہے؟

b) کون سے صوبے کا رقبہ سب سے زیادہ ہے؟ اگر اس کا نام نقشے پر نہیں ہے تو اپنے استاد یا والدین سے معلوم کیجیے۔
بتائیے آپ کو اس کا جواب کس طرح ملا۔

c) کون سا صوبہ سکّم سے تقریباً 8 گنا بڑا ہے۔

- اتر پردیش
- تری پورا
- مہاراشٹر
- ہماچل پردیش




d) راجستھان کا رقبہ پنجاب کے رقبہ سے کتنا گنا زیادہ ہے؟



© NCERT not to be republished

## سمندر

بالا سمندر کے کنارے کھڑی ہوئی پھیلے ہوئے سمندر کو دیکھ رہی ہے۔ سمندر کبھی نہ ختم ہونے والا دکھائی دیتا ہے۔



کیا آپ نے سمندر دیکھا ہے؟ تصویر میں سمندر کہاں ہے؟ اب ہندوستان کے نقشے میں سمندر کو تلاش کیجیے۔ سمندر کو کس رنگ سے دکھایا گیا ہے؟

* ان ریاستوں پر نشان لگائیے جن کے ایک طرف سمندر ہے۔
* ایک ایسی ریاست کا نام بتائیے جس کے کسی بھی طرف سمندر نہیں ہے۔

### معلوم کیجیے


الگ الگ نقشوں کو دیکھیے۔ مقامی علاقے کا نقشہ، ہندوستان کا نقشہ اور دنیا کے نقشے کے لیے استعمال کیے گئے پیمانوں کا موازنہ کیجیے۔

## ریاستوں کے درمیان خطوط (سرحدیں)

صابو، ریاستوں کے درمیان بنے خطوط کو دیکھ کر سوچ میں پڑ گیا۔




© NCERT not to be republished




## شہروں کے درمیان فاصلے

یہ پانچ شہر ہیں۔ معلوم کیجیے:

1) نقشے پر اڈلی پور سے برفی نگر کتنے سینٹی میٹر دور ہے؟

2) اگر اڈلی پور سے برفی نگر جانا پڑے تو آپ کو کتنے کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنا پڑے گا؟

3) اڈلی پور اور برفی نگر کے درمیان آدھے راستے پر ایک جگہ ٹھکپا گرام ہے۔ 'T' سے اس کی نشان دہی کیجیے۔


4) جلیبی پور نام کا ایک شہر چھولا گھاٹ اور ڈھوکلا آباد دونوں سے 35 کلومیٹر دور ہے۔ آپ کے مطابق یہ کہاں ہو سکتا ہے؟ اس کی نشاندہی 'J' سے کیجیے۔

5) بھیل پور اور چھولا گھاٹ کے درمیان راستے کی دوری معلوم کیجیے (آپ ایک دھاگے کا استعمال کر سکتے ہیں)۔

## آشی کا اسکول

آشی کا اسکول اوپر سے دیکھنے پر اس شکل کی طرح دکھائی دیتا ہے۔

نقشے کو غور سے دیکھیے اور مربعے گن کر معلوم کیجیے:




© NCERT not to be republished


1) اسمبلی گراؤنڈ کا رقبہ دفتر کے رقبے سے کتنے گنا بڑا ہے؟

2) ہر کلاس روم کی لمبائی اور چوڑائی کتنی ہے؟

a) لمبائی 5 میٹر، چوڑائی 4 میٹر
b) لمبائی 2 میٹر، چوڑائی 1 میٹر
c) لمبائی 12 میٹر، چوڑائی 10 میٹر
d) لمبائی 5 میٹر، چوڑائی 5 میٹر

3) آشی کے اسکول کے تمام کلاس روم اس طرح دکھائی دیتے ہیں۔

نقشہ 8




غور سے دیکھیے اور جواب دیجیے۔

a) ان میں سے کون تختہ سیاہ کے بالکل سامنے ہے؟
* الماری، کھڑکی، نوٹس بورڈ، ڈسپلے بورڈ

b) ایک مرتبہ پھر اسکول کے نقشے کو دیکھیے۔ اندازہ سے نشان لگایے کہ یہ کہاں ہوں گے:
* III A اور VII میں تختہ سیاہ
* IV اور X میں الماری
* V اور VI B میں نوٹس بورڈ
* II میں درمیانی قطار کی آخری نشست
* I میں ڈسپلے بورڈ

c) کیا III A میں بیٹھا ہوا بچہ کھیل کا میدان دیکھ سکتا ہے؟



© NCERT not to be republished